2.	Syed Zafar Ali Shah, MNA	Member
3.	Kunwar Khalid Yunas, MNA	Member
4.	Nawab Salahuddin Abbasi, MNA	Member
5.	Mian Muhammad Farooq, MNA	Member
6.	Mr. Jalaluddin Qureshi, DG (CA&E).	Member
7.	Mr. Parvez Saleem, FA (Commerce)	Member
8.	Mr. Saleem Iqbal, Joint Secretary M/O Commerce	Member

65. *Mr. Ilyas Ahmed Bilour: Will the Minister for commerce be pleased to state whether there is any proposal under consideration of the Government to formulate a five-year trade policy, if not, its reasons?

Mr. Muhammad Ishaq Dar: At present no such proposal is under consideration. International market is witnessing frequent and rapid structural and economic changes and various regional/mutual trade blocks are coming into existence. In such a scenario, a five year's Trade Policy cannot be formulated. However, in order to meet the challenges and opportunities of the international market, a medium to long term strategy will be worked out in consultation with private sector.

66. *Mr. Ilyas Ahmed Bilour: Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state the time by which the updating of prudential regulations for bringing about financial reforms in the banking system

will be completed?

Mr. Sartaj Aziz: The updating of the Prudential Regulations is a continuous and an ongoing process. As and when changes occur in the banking or financial system, such changes become a part of the Prudential Regulations through appropriate circulars by State Bank of Pakistan. The relevant banking reforms have been circulated and we are now part of the Regulations.

(Financial and Banking Sector Reforms have been placed in the Senate Library).

67. ***Dr. Safdar Ali Abbasi**: Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state:

a) the value of Licorice Roots exported during 1993-94, 1994-95, 1995-96 and 1996-97;

b) the total value of Licorice Roots exported during the ten years prior to 1993-94; and

c) the rate of Custom duty on the import of Licorice Roots from Afghanistan and when this duty was imposed?

Mr. Sartaj Aziz: (a) The value of export of Licorice roots was as under:-

Year	Value of exports (Million Rs.
1993-94	99.98
1994-95	79.50
1995-96	110.26
1996-97	31.83

Year	Total value of exports (Million Rs.)
1985-86 to 192-93	245.62

Data prior to 1985-86 is not available.

(c) The rate of customs duty on the import of Licorice Roots from Afghanistan is 25% ad val. This rate is applicable since 9-6-1994 on imports via land route.

68. *Dr. Safdar Ali Abbasi: Will the Minister Incharge of the Cabinet Division be pleased to state:

a) whether there is any proposal under consideration of the Government to expand the existing road from Rawat to Faizabad Chowk, if so, the time by which the work will be started and completed; and

b) Whether it is a fact that the road from Rawat to Airport Chowk is in a dilapidated condition, if so, the steps taken by the Government for its repair?

Minister Incharge of the Cabinet Division: (a) yes, the scheme regarding construction of 2nd Carriageway of Islamabad Highway from Rawat to Airport Chowk has already been approved by the Government and the work has been started from Airport Chowk to Gummrah Bridge according to available funds and would be completed within 3 months subsequent to allocation of the requisite funds.

b) Yes, the existing road from Rawat to Airport Chowk is not in a satisfactory condition. Necessary tests have already been carried out and design for rehabilitation has been assigned to M/s. Engineering Consultants int. (Pvt.) Ltd.

Necessary repair and rehabilitation of this road would be carried out on finalization of the design and allocation of funds.

69. *Dr. Safdar Ali Abbasi: Will the Minister for Commerce be

pleased to state the month-wise value of export from July to October, 1997 and its comparison with the export during the same months in 1996?

Mr. Muhammad Ishaq Dar: The requisite information is given below:-

(Value in Million $)

Months	1996-97	1997-98
July	575	662
August	664	692
September	679	666
October	666	694

LEAVE OF ABSENCE

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ اچھا جی Leave applications جی۔

جناب اکرم شاہ صاحب ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ ۴ اور ۵ دسمبر کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے اس لئے انہوں نے ان تاریخوں کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ جناب حسین شاہ راشدی صاحب نجی مصروفیات کی بنا پر مورخہ ۵ دسمبر کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے۔ اسلئے انہوں نے اس تاریخ کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ جناب غلام قادر چانڈیو ذاتی مصروفیات کی بنا پر یکم تا پانچ دسمبر اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے۔ اس لئے انہوں نے ان تاریخوں کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ جناب فاروق احمد خان صاحب نے نجی وجوہات کی بنا پر مورخہ ۸ تا ۱۲ دسمبر ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ راجہ محمد ظفرالحق، وزیر برائے مذہبی امور نے اطلاع دی ہے کہ وہ وزیر اعظم کے ہمراہ بیرون ملک دورے پر ہیں اس لئے مورخہ ۸ تا ۱۲ دسمبر اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔

ابھی ابھی جو ہمیں مزید درخواستیں اس سلسلے میں موصول ہوئی ہیں ان میں سے ایک درخواست ہے مولانا عبدالستار خان نیازی صاحب کی طرف سے کہ وہ مورخہ ۸ دسمبر کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے۔ لہذا انہوں نے اس تاریخ کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

Mr. Presiding Officer: Mr. Jehangir Badar has requested for a leave from 18th November to 21st of November, 24th to 25th November and 2nd to fifth December. Is the leave granted?

(رخصت منظور کی گئی)

Mr. Presiding Officer: Thank you. Yes, Aitzaz Ahsan Sahib, I have just asked the Leader of the Opposition to speak.

جناب محمد زاہد خان۔ میرا Privilege Motion ہے۔

چوہدری اعتزاز احسن۔ Privilege Motion پہلے کر لیں۔

Mr. Presiding Officer: Let us take it up. Thank you Ch. Sahib.

PRIVILEGE MOTIONS

Re: INSULTING ATTITUDE OF REGISTRAR, PAKISTAN ENGINEERING COUNCIL.

جناب محمد زاہد خان- میرا تحریک استحقاق ہے - جناب عالی! میں نے آج مورخہ یکم دسمبر ۱۹۹۷ء کو اپنے بھائی کی بطور انجنیئر، رجسٹریشن کیلئے معلومات حاصل کرنے کے لئے چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین پاکستان انجنیئرنگ کونسل سے فون پر بات کرنا چاہی لیکن وہ دونوں دفتر میں موجود نہیں تھے - لہذا میں نے مذکورہ کونسل کے رجسٹرار کو فون کیا- اس نے اس سلسلے میں معلومات فراہم کرنے کی بجائے مجھے کہہ دیا کہ آپ کا ایک سوال ہمارے پاس آیا تھا- ہم نے اس کا جواب دے دیا ہے -میں نے اس سے کہا کہ جواب تو مجھے تاحال موصول نہیں ہوا ہے -لہذا آپ مجھے بتا دیں کہ میرے بھائی کی بطور انجینیئر رجسٹریشن والے کیس کی کیا پوزیشن ہے - رجسٹرار نے مجھے معلومات فراہم کرنے سے انکار کیا- میرے ساتھ گستاخانہ انداز میں پیش آیا اور یہاں تک کہ اس نے ٹیلی فون بھی بند کیا -

جناب عالی ' اس سے میرا استحقاق مجروح ہوا ہے - لہذا گزارش ہے کہ میری یہ تحریک منظور فرما کر استحقاق کمیٹی کے سپرد کی جائے-

Mr. Presiding Officer: Right. Let him add to whatever he has written in this privilege motion

زاہد خان صاحب! اور تو نہیں بولنا چاہتے اس پر-

(interruption)

Mr. Presiding Officer: Do you oppose this?

Raja Nadir Pervaiz Khan: Yes, technically.

Mr. Presiding Officer: No, technically you can only speak if you oppose initially. If you oppose it only then you will be able to speak. .

Raja Nadir Pervaiz Khan: If he is adamant.

Mr. Presiding Officer: No, this is the technical point.

Raja Nadir Pervaiz Khan: I have no objection, you can send it to the Privileges Committee.

لیکن بتانا چاہتا تھا کہ Pakistan Engineering Council جو ہے

that is an autonomous body. It was enacted in 1976, through the Parliamentary Act. Sir, it is only for administrative reasons that WAPDA has right to say something otherwise it is totally independent.

Mr. Presiding Officer: No, but the question is; does it exonerate a body which is an autonomous body.

Raja Nadir Pervaiz Khan: If you want to hear the reply to it then I can read it out to the House.

Mr. Presiding Officer: You said this

کہ چونکہ وہ ایک autonomous body ہے اس لئے probably وہ breach of privilege کے ضمرے میں آتی ہے. this is not so.

Raja Nadir Pervaiz Khan: I just want to tell you the position of the Ministry of Water and Power.

انہوں نے ہمیں جو جواب دیا ہے اس جواب کو I was trying to explain to the House.

Otherwise if he feels so, so strongly about his case, I have no objection

کہ اس کو Privileges Committee میں بھیج دیں۔

Mr. Presiding Officer: This Privilege Motion is referred to the concerned Committee i.e; to say the Committee on Procedure.

چوہدری اعتزاز احسن۔جناب، میں ویسے تو چاہتا تھا آپ سے اس طرح کلام نہیں ہے۔ اگر Acting Chairman خود موجود ہوتے ۔ اس لئے پہلی بات تو میں زیادہ تفصیل سے

عرض نہیں کروں گا ۔میں اپنا یہ حق محفوظ رکھنا چاہتا ہوں کہ جب وہ تشریف فرما ہوں تو میں ان سے یہ گزارش کروں ۔ اس وقت صرف حوالہ دینا چاہتا ہوں تاکہ کچھ وزراء جو یہاں پر موجود ہیں، وہ بھی یہ نوٹ فرمالیں ۔ سب جانتے ہیں کہ ۳۱ تاریخ کو بہت اہم الیکشن ہونا ہے ۔اور آج اچھے بھلے اس الیکشن میں تین ہفتے ہیں۔ تو وقت کافی ہے ۔ ہمارے ایک ووٹر کم از کم اس وقت ہاؤس میں نہیں ہیں اور نہیں لائے جا رہے ۔ ایک تو میں یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں اور اس issue کو میں پھر بھی اٹھاؤں گا کہ صدارتی الیکشن کے لئے ہر اس شخص کا جو کہ منتخب ہوا ہے سینٹ کے لئے اور اس ہاؤس میں کسی نہ کسی constituency کی نمائندگی کرتا ہے، اس کا حق ہے کہ صدارتی انتخاب میں وہ ووٹ دے ۔ اور کوئی بھی سینیٹر یا منتخب سینیٹر ہم چاہتے ہیں پیچھے نہ رہ جائے اور اپنا ایک فرض اور حق اور استحقاق استعمال کرے ۔ میں نے ایک خط قائم مقام چیئرمین صاحب کو لکھا ہے۔ میں ان سے پوچھنا چاہتا تھا کہ اس کا کیا ہوا ۔ بہرحال موجود وزراء بھی گوش گزار کرلیں ۔ میں ممنون ہوں گا ۔ ہم چاہیں گے کہ حکومت کچھ نہ کچھ ہماری اور آئین اور رولز اور انتخاب میں امداد کرے اور معاونت فرمائے ۔

جناب دوسرا مسئلہ مختصراً یہ ہے ، یہاں بھی چونکہ وزراء موجود ہیں ، میں چاہتا ہوں جناب چیئرمین ! آج کے اخبارات میں خبر بھی لگی ہے اس سلسلے میں اور اس سے تاثر یہ ملتا ہے کہ وہ اصحاب ، وہ افراد جن میں وزراء بھی تھے ، مشیران محترم وزیر اعظم بھی تھے اور بھی دیگر پارلیمنٹیرین تھے جنہوں نے کسی وجہ سے ۲۸ نومبر کو سپریم کورٹ آف پاکستان پر حملہ کیا تھا ۔ محسوس ہوتا ہے انتظامیہ ان کی معاونت کر رہی تھی ۔ اول تو جو لوگ ذمہ دار تھے ، جو صاحبان اقتدار میں ہیں، جو ذمہ دار اس حملے کے تھے ، اس savage assault کے ، ان کے خلاف تو کارروائی ہوئی نہیں۔ اخبارات میں ان کے نام آئے ہیں ۔ کیمرے کی آنکھ نے ان کو محفوظ کرلیا ہے تاریخ کے لئے۔بی بی سی کا نشریاتی ادارہ بار بار وہ فلمیں ہمیں دکھاتا رہا ہے۔ پھر جو سپریم کورٹ میں کیمرے لگے تھے انہوں نے محفوظ کرلیا ہے۔ کوئی چیف جسٹس under restraint ہو یا کچھ ہمیں اس سے کوئی کلام نہیں۔ خود جج صاحبان کہہ رہے ہیں کہ وہ چیف جسٹس ہیں۔ ہمیں کسی ذات کی وکالت نہیں کرنی۔ سپریم کورٹ ایک مقدس ادارہ ہے ۔ ایک مقدم مقام اور جگہ ہے۔ XXXXX اور جن کی قیادت بدقسمتی سے وزراء اورمشیران کر رہے تھے اس کا تقدس ۲۸ نومبر کو پامال کیا۔

(XXXXX) These words are expunged by the order of the Presiding Officer

جناب چیئرمین ! میں یہ چاہتا ہوں کہ یہ ہاؤس ' یہ ایوان اس بات کو نہ بھولے کہ یہ تقدس پامال ہوا تھا ۔ کس کا کیا رتبہ ہے عدالتوں میں وہ عدالتیں خود فیصلہ کریں گی لیکن انتظامیہ کا یہ فرض ہے کہ بجائے ہم یہ سنیں کہ انتظامیہ دیکھتی رہی اور سپریم کورٹ کے حملے کے ملزمان کی ضمانت سول جج نے کردی ۔ ان ناموں میں جن کی ضمانت تھی ' ان میں کسی وزیر کا بھی نام تھا ' اور لوگ روتے چلاتے رہے ' کیمرے ان سارے مذموم نظاروں کو محفوظ کرتے رہے ۔ لیکن ان پر ' ان کے جرائم پر حکومت پردہ ڈال رہی ہے اور یہ سمجھ رہی ہے کہ ہم نے ایک بہت بڑی battle جیت لی اور اب وہ battle ختم ہوگئی جو ہم نے زیادتیاں اس battle میں کی تھیں وہ بھی ماضی کا حصہ ہوگئیں ۔ لیکن جناب چیئرمین ! میری دو گزارشات انتہائی اختصار کے ساتھ ہیں اور اس کو میں بار بار اٹھاؤں گا ' آئندہ شاید اس سے زیادہ طویل تقریر میں اٹھاؤں ۔ شاید ہم اس کے بارے میں مزید اقدامات بھی کریں اور ہم 'اپوزیشن' اپنا حق محفوظ رکھتے ہیں ۔ ہم ۲۷ اور ۲۸ نومبر کو سپریم کورٹ کے تقدس کی پامالی کے اس جرم کو کبھی فراموش نہیں کر سکتے جناب چیئرمین' اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ حکومت کو اس پر دوٹوک فیصلہ کرنا ہے ۔ فیصلہ کرنا ہے۔ کہ مجرم کون ہے' کس کی شکل' کس کے بارے میں آئینی شہادت اخباروں نے 'اخبار نویسوں نے دی ہے کہ وہ اس مذموم حملے میں شریک تھا یا اس کو engage کر رہا تھا ۔جناب چیئرمین ! میں چاہوں گا کہ حکومت اس پر دو ٹوک ہمیں بتائے کہ کیا حکومت نے کوئی انکوائری اس معاملے میں سپریم کورٹ کے سپرد کی ہے ۔سپریم کورٹ کے جج صاحبان میں سے کسی کو کہا ہے یا چیف جسٹس کو کہا ہے کہ وہ نامزد کریں کسی سپریم کورٹ کے جج کو کہ وہ اس پر انکوائری کریں نمبر ایک۔

نمبر دو ' کیا وجہ ہے کہ وہ وزیر اور وہ مشیر جن کے نام آئے اور جن کی تصویریں آئیں ان پر ایکشن کیوں نہیں لیا گیا اور نمبر تین 'جناب چیئرمین! کیوں مسلم لیگ نواز گروپ کے جب یہ قیدی رہا ہوتے ہیں تو حکومت جشن مناتی ہے ضمانت سے رہا ہونے پر ۔آج اخباروں میں اعلان ہے کہ ان کا جلوس نکلے گا اور جشن منایا جائے گا۔ کیا اقدامات کئے ہیں حکومت نے اس جشن کو روکنے کے لئے 'اس جشن سے لوگوں کو مانع رکھنے کے لئے 'جو جشن ایسے لوگ منانا چاہتے ہیں جن کی ایک سول جج نے ضمانت کی ہے ۔جن پر الزام ہے کہ انہوں نے سپریم کورٹ کے تقدس کو پامال کیا اٹھائیس نومبر کو ۔جناب چیئرمین !یہ سوالات ابھی تشنۂ جواب ہیں ۔میں

حکومتی بنچوں کی ، وزراء کے بنچوں کی خاموشی پر واقف ہوں، اس کے معنی بھی سمجھتا ہوں لیکن میں یہ آپ کو عرض کرنا چاہتا ہوں جناب چیئرمین ! کہ اپوزیشن اس معاملے پر نہ خاموش بیٹھے گی نہ خاموشی حکومت کو اختیار کرنے دے گی۔

جیسے میں نے پہلے عرض کیا کون کس رتبے پر ہے یا نہیں ہے یہ ججز کا اپنا معاملہ ہے۔ میں اس پر بات نہیں کر رہا ہوں ۔وہ تصفیہ طلب ہے لیکن سپریم کورٹ کی عمارت پر جو حملہ ہوا ہے اور سپریم کورٹ کے سامنے جو مقدمات چل رہے ہیں ان سے ججز کو سننے سے ہٹانے کی اور ان سے گریز کرانے کی کوشش کی گئی ۔جس طرح سپریم کورٹ کی بلڈنگ ، وہاں جو بورڈ لگے ہوئے تھے اور وہاں کے فرنیچر کو توڑا گیا اور جس طرح وہاں کچھ لوگوں پر تشدد برتا گیا یہ ہم بولنے نہیں دیں گے ۔میں گزارش کروں گا کہ میاں صاحب یا سرتاج عزیز صاحب سینئیر وزراء ہیں ۔یہ اس بارے میں اس ہاؤس کو بتائیں کہ کیا ٹھوس اقدامات بشمول گرفتاری ان لوگوں کی جن لوگوں نے، چاہے وہ کسی بھی رتبے پر ہوں، وہ وزیر ہو ں، مشیر ہوں، ایم این اے ہوں ، سنیٹر ہوں جن کا نام بار بار اس مذموم حرکت میں ملوث ہونے والے اشخاص میں آ رہا ہے ،ان کے خلاف کیا ایکشن لیا گیا ہے۔ ضمانتیں کیسے اور کیوں ہوئی ہیں اور پھر یہ جلسے اور جلوس کیوں نکل رہے ہیں۔ ان کو چھڑانے کے لئے مسلم لیگ کے leaders اور کارکن نکل رہے ہیں اور پھر جشن کا سماں، جو ضمانت پر رہا ہو رہے ہیں ان کے لئے کیوں یہ رچایا جارہا ہے۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو ۔ جناب والا! محسوس یہ ہوتا ہے کہ اس بحران کے ختم ہونے کے بعد ہمارے فاضل دوستوں کے پاس نئے موضوعات کم رہ گئے ہیں۔

(مداخلت)

میاں محمد یٰسین خان وٹو ۔ نئے موضوعات کم رہ گئے ہیں کیونکہ -----

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ نہیں جی پہلے آپ ان کی بات سنیں ،آپ نے بات کر لی ہے اب ان کو بات کرنے دیں ۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو۔ اتنا عرصہ آپ نے بات کی۔ اگر ہم خاموش بیٹھے رہے ہیں تو بات کا احترام کرتے ہوئے بات سنتے ہیں۔ آپ بھی سن لیجئیے ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ۔ ٹھیک ہے انہوں نے بھی تو کچھ کہنا ہے ۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو ۔ آپ نے دو مسئلے اٹھائے ہیں وہی جو اس ایوان میں کئی مرتبہ اٹھائے گئے ہیں مثلاً ایک ممبر صاحب کا جو elect ہوئے ان کا یہاں حلف لینے کے لئے طلب کیا جانا ۔اس کے بارے میں جناب والا! آپ کے علم میں ہے کہ چیئرمین صاحب نے ایک فیصلہ ruling اپنی وضاحت سے دے دی ہے اور اس ruling کے بعد پھر جہاں تک اخبارات میں ' میں نے دیکھا ہے کہ شاید فریق متعلقہ ہائی کورٹ میں بھی گیا ہے ۔یہ مجھے پتا نہیں کہ وہاں ابھی تک کیا فیصلہ ہوا ہے ۔ وہ معاملہ تو اپنی جگہ پر ادھر چل رہا ہے ۔آپ وہاں اپنا relief claim کریں کورٹس میں اور اس چیز کو دیکھیں چیئرمین صاحب نے وہ فیصلہ دے دیا ہے اب دوبارہ ان کی ruling کو reopen نہیں کیا جاسکتا ۔

دوسرا مسئلہ ہے جناب والا----

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ جناب والا! میں آپ کی بات میں ایک اور چیز add کرنا چاہتا ہوں جو ایک نئی situation ہے ۔ Old situation میں ایک رولنگ دی گئی تھی ' ابھی ان کا اعتراض یہ تھا کہ صدراتی الیکشن ہونے والے ہیں ۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو۔ جناب والا! اس situation میں کوئی فرق نہیں ہے ۔ وہ situation تو وہی ہے کہ ایک شخص جو سینیٹر elect ہو چکا ہے ' اس نے حلف نہیں لیا اور یہاں دلائل یہ ہوئے کہ انہیں چیئرمین صاحب طلب کریں۔ جناب چیئرمین صاحب نے دونوں فریقین کے دلائل سننے کے بعد فیصلہ دیا کہ ان کے خیال کے مطابق ابھی وہ سینٹ کے ممبر نہیں ہیں اور وہ اس لئے انہیں طلب نہیں کر سکتے ۔ وہ معاملہ تو وہی ہے ' اس کے بارے میں کوئی تبدیلی نہیں ہے ۔ اب یہاں ہر روز ممبر کے ووٹ کی ضرورت ہوتی ہے۔ بلز میں ' لیجسلیشن میں اور کئی دوسرے مسائل میں ووٹ کی ضرورت پیش آتی ہے ۔ اس لئے ان کے یہاں لانے کا جو تعلق ہے ' اس situation میں کوئی تبدیلی نہیں ہے۔ اس لئے چیئرمین صاحب کی رولنگ کے بعد اس مسئلے کو اٹھایا نہیں جا سکتا ۔

جناب والا! دوسرا معاملہ سپریم کورٹ میں اس واقعہ کا ہے ۔ میں نے پہلے بھی عرض کیا ہے کہ حکومت نے اسے condemn کیا ' خود وزیر اعظم صاحب نے اسے condemn کیا ہے اور

کیس درج کیا گیا۔ اس کی تفتیش ہو رہی ہے ۔ کئی لوگ گرفتار ہوئے ہیں لیکن جناب والا! صرف کسی شخص کی کسی جگہ پر موجودگی کا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ وہ مجرم ہو گیا ہے ۔ وہ تفتیش ہو رہی ہے ۔ جس شخص کا جو گناہ ہو گا اس کے مطابق اس کو گرفتار کیا جائے گا ۔ پھر جناب والا! یہ معاملہ کہ سول جج نے ضمانتیں دے دی ہیں ، میرے خیال میں بطور وکیل ہم سب جانتے ہیں کہ ہر چیز کا ، مختلف معاملات کا ، مختلف عدالتوں کو اختیار ہے اور وہ واقعہ جب قانون کے مطابق آتا ہے تو پھر جگہ یا شخصیت کے بارے میں قانون تعین نہیں کرتا ۔ وہ اس جرم کے بارے میں تعین کرتا ہے کہ اس قسم کے جرم میں کونسی عدالت ہو گی جو کیس کو سنے گی اور کونسی عدالت ضمانت دے گی ۔ انہیں بڑا اعتراض ہے کہ کچھ سیاسی لوگوں نے ----اگر کچھ سیاسی پارٹی کے ورکرز گرفتار ہوں اور وہ release ہو کر آئیں تو یہ ایک routine کا معاملہ ہے کہ ان سے متعلقہ ورکرز ہوتے ہیں ، وہ کئی دفعہ خوشی کا اظہار کر لیتے ہیں۔ بہرصورت ضمانت تو عدالت نے کی ہے ۔اب یہ ان چیزوں کو جو بالکل معصوم قسم کی چیزیں ہیں ، اس کے لئے کہتے ہیں کہ کوئی قدغن لگائی جائے ۔جناب والا! لوگ protest کرنے کے لئے آتے ہیں ، لوگ خوشی کا اظہار بھی کرتے ہیں ۔ میرے خیال میں اتنی پابندیاں جتنی وہ کہہ رہے ہیں ، یہ تو شاید ویسے ہی مناسب نہیں ہے ۔ میں عرض کروں گا کہ یہ وہی مسئلے ہیں ، جنہیں وہ کئی بار اٹھا چکے ہیں ۔ اگر وہ مزید اٹھانا چاہیں تو بہرصورت ان کا حق ہے ، وہ اٹھاتے رہیں لیکن اس کے لئے حکومت نے مکمل طور پر جو قانونی تقاضے تھے ، وہ پورے کئے ہیں ۔ جو اس تفتیش میں ، اس سلسلے میں ملزم ٹھہرے ، جن کا گناہ ٹھہرا ، ان کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی ، جو گناہ گار نہ ٹھہرے ، ان کے خلاف کارروائی نہیں کی جائے گی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ جی میاں رضا ربانی صاحب۔

میاں رضا ربانی۔ جناب چیئرمین صاحب! مجھے نہایت افسوس ہے کہ جناب یٰسین خان وٹو صاحب ایک نہایت ہی پرانے پارلیمنٹیرین اور وکیل ہیں۔ میں ان کا بہت احترام کرتا ہوں لیکن جو بات انہوں نے ابھی کہی ہے ، اس سے ایک بڑا سنگین مسئلہ سامنے آتا ہے اور اس حکومت کے آئندہ کے عزائم کھل کر سامنے آ گئے ہیں ۔ جناب والا! آپ کو یاد ہو گا کہ میں نے وزیر اعظم کی نیشن اور نیوز کے اندر چھاپی گئی، پریس کانفرنس quote کی تھی۔ وہ میں نے فلور آف دی

ہاؤس پر اخبار دیئے تھے، جن میں وزیر اعظم نے یہ بات کوئی دو یا ڈیڑھ ہفتہ پہلے کہی تھی کہ میں تشدد کا راستہ اختیار کر سکتا تھا لیکن میں نے تشدد کا راستہ اختیار نہیں کیا ۔ آج فاضل وزیر پارلیمانی امور نے یہ کہا کہ یہ ایک معمول کا مسئلہ ہے ۔ سپریم کورٹ آف پاکستان کے اوپر حملہ ہوتا ہے ' سپریم کورٹ آف پاکستان کی عزت کو پامال کیا جاتا ہے ' سپریم کورٹ آف پاکستان کے اندر داخل ہو کر کورٹ کی بےحرمتی کی جاتی ہے ' سپریم کورٹ آف پاکستان کے institution کو پاکستان کی پچاس سالہ تاریخ میں 'سوائے Nazi's کے دور کے جب سپریم کورٹ کے اوپر حملہ ہوا تھا۔

دنیا کی عدلیہ کی تاریخ میں آپ کو ایسی مثال نہیں ملتی ۔ اس کو وزیر موصوف صاحب کہتے ہیں کہ یہ معمول کا مسئلہ ہے اور ایسا ہوتا رہتا ہے ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ وزیر صاحب نے یہ بات واضح الفاظ میں کہی ہے کہ اگر ہمیں اپنے عزائم کو آگے بڑھانے کی پھر ضرورت پڑی، اگر ہمیں سپریم کورٹ کے قانون کی راہ پر چڑھنے کے لئے ضرورت پڑی تو ہم اس معمول کے راستے کو ایک دفعہ پھر اپنائیں گے ۔ جناب چیئرمین صاحب اُس دن 28 تاریخ کو بھی میرا سر شرم سے جھکا تھا لیکن میں سمجھتا ہوں کہ آج جناب وزیر صاحب کے اس بیان کے بعد پارلیمنٹ کا ' دونوں ایوانوں کا سر شرم سے جھک رہا ہو گا کہ اگر حکومت یہ سمجھتی ہے کہ سپریم کورٹ آف پاکستان as an institution پر حملہ کرنا ' physically سپریم کورٹ پر attack کرنا ' savagely attack کرنا' brutally attack کرنا' اگر وہ اس کو معمول کا مسئلہ سمجھتی ہے تو پھر ان تمام institutions کا خدا حافظ ' اور اسی لئے جناب والا ' ہم نے کہا تھا کہ جناب پرائم منسٹر صاحب لوکل گوربا چوف ہیں۔ کیونکہ گوربا چوف نے بھی تمام institutions کو آپس میں ٹکرایا تھا اور وہ بھی اسی راہ پر چلے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ جی جاوید عباسی صاحب۔

حاجی جاوید اقبال عباسی۔ جناب چیئرمین! شکریہ۔ سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ یہاں چیئرمین صاحب نے رولنگ دے دی تھی کہ آئندہ اس ہاؤس کے اندر کسی عدالت کے بارے میں بات نہ کی جائے نمبر ایک۔ نمبر دو --------

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ نہیں ،نہیں order in the House ' دیکھیں قانون کی بات ہے عباسی صاحب سے سنیں۔

حاجی جاوید اقبال عباسی۔ دوسری بات یہ کہ ہمارے بڑے قابل احترام قائد حزب اختلاف اعتزاز احسن صاحب نے کہاکہ سپریم کورٹ کا تقدس، تقدس صرف مسجد اور خانہ کعبہ کا ہو سکتا ہے ' اس کی عزت اور احترام ہم سب پر لازم ہے کیونکہ وہ پاکستان کی سب سے بڑی عدالت ہے لیکن وہاں باوضو ہو کر کوئی نہیں جاتا' نہ وکیل جاتا ہے نہ کوئی اور' وہ خانہ کعبہ میں یا مسجد میں جاتے ہیں۔ تیسرا مسئلہ یہ ہے کہ میں ان سے یہ سوال کرتا ہوں کہ 1979 ، میں ہائیکورٹ میں کن لوگوں نے بم رکھے تھے اور کن لوگوں کو سزائیں دی گئی تھیں ' اس کا یہ جواب دے دیں اور میر مرتضیٰ بھٹو ' اللہ تبارک تعالیٰ ان کو جنت الفردوس عطا فرمائے' ان کو اور ان کے ورکروں کو کابل سے trained کرکے عدالتوں کے اندر دہشت گردی کرنے اور بم سے اڑانے کے سلسلے میں سزا ہوئی' یہ ثبوت ہے اور ریکارڈ پر ہے ۔ تو جناب چیئرمین دوسری بات یہ ہے۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر - یہ چوتھی بات ہے۔

حاجی جاوید اقبال عباسی۔ جی چوتھی بات ہے۔ آپ سید بادشاہ ہیں ' سخی ہیں ' آپ کو رحم دل بھی ہونا چاہیئے ' مجھے امید ہے آپ میری بات سنیں گے۔ جناب محترم انہوں نے کہا کہ ہمارا ایک دوست ' ہمارا بھائی جو بھی ہے' اس کو یہاں لایا جایا ۔ یہاں لا کر اسے پریشانیوں اور الجھنوں میں نہ پھنسائیں' انہیں وہاں جیل میں ہر سہولت موجود ہے ' قالین ان کو ملا ہوا ہے ' انہیں نو لاکھ کی مشین دی گئی ہے' وہسکی ہر شام ان کو ملتی ہے ' دیکھیں جی اس وقت تک وہ ممبر بھی نہیں ہیں ' انہوں نے oath نہیں لیا ہے اور ایک ووٹ کی وجہ سے President کے انتخاب میں کوئی فرق نہیں پڑتا' لیکن اس کے باوجود میں کہتا ہوں کہ -------ہمت کریں سنیں' عباسی صاحب آپ مت بولیں ' آپ چھوٹے ہیں اور میں بڑا ہوں ' چھوٹے بھائی بڑے بھائی کے سامنے مت بولیں۔ آپ بعد میں بولیں۔ سننے کی سکت رکھیں ' میں سنوں گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ عباسی صاحب' order, order میرا بھی کچھ خیال رکھیں۔ میں بھی یہاں بیٹھا ہوا ہوں۔

حاجی جاوید اقبال عباسی - جناب چیئرمین! آپ سے میں استدعا کروں گا کہ چیئرمین صاحب نے جو رولنگ دی ہے اس پر عمل درآمد کیا جائے۔ گو کہ سپریم کورٹ مسجد نہیں ہے وہ سپریم کورٹ ہے لیکن اس کی عزت اور احترام ہم پر لازم ہے ۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ ابھی میرے خیال میں عباسی صاحب کے بعد وزیر موصوف کچھ مزید کہنا چاہیں گے۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو۔ جی ہاں میں عرض کرنا چاہتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ نہیں، ویسے زیادتی تو ہے ان کے ساتھ۔ جتنا وہ گورنمنٹ کو defend کرتے ہیں۔ He should be sitting in the front. اچھا جی۔راشدی صاحب۔

جناب حسین شاہ راشدی۔ جناب چیئرمین! آپ نے بالکل درست فرمایا ہے کہ قانون کا مسئلہ تھا لہذا عباسی صاحب کی حتمی رائے معلوم کرنا ضروری تھی، وہ انہوں نے ہمیں بتا دیا۔ معلوم یہ ہوتا ہے کہ قانون اور سپریم کورٹ کی طرف جو رویہ حکومت کا تھا اس کی راہنمائی جناب سینیٹر جاوید اقبال عباسی صاحب سے حاصل کرتے ہیں لہذا یہی حشر ہو رہا ہے۔ فرما رہے ہیں کہ سپریم کورٹ کا کوئی تقدس نہیں ہے کیونکہ وہ وہاں وضو کرکے نہیں جاتے ہیں۔ تقدس تو اس ہاؤس کا بھی ہے۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ یہ یہاں پر وضو کرکے آئے تھے۔ تقدس اداروں کا ہوتا ہے ۔ سپریم کورٹ ایک مقدس ادارہ ہے۔ آئینی ادارہ ہے۔ اس کی حفاظت کرنا، اس کی توقیر کرنا، اس کی عزت کرنا ہر پاکستانی کا نہ صرف فرض ہے مگر بحیثیت legislator کے ہمارا ایک آئینی فرض بھی ہے۔ گزارش یہ ہے کہ جو ورکرز ہیں ان کا فعل ہوا یا نہیں ہوا، کس نے کیا، اس سے قطع نظر جس طرح جناب قائد حزب اختلاف نے فرمایا کہ بہت سے ایسے چہرے تھے جن کے نام اخباروں میں آئے۔ بہت سے ایسے چہرے تھے جو کیمرے نے ہمیشہ کے لئے محفوظ کئے ہیں۔ کیا یہ مسلم لیگ کی حکومت یا مسلم لیگ کی جماعت پر فرض عائد نہیں ہوتا تھا کہ کم از کم دکھاوے کے لئے ہی ان لوگوں کو مسلم لیگ سے نکال دیا جاتا۔ ان کو معطل کیا جاتا یا ان پر دکھاوے کے لئے کوئی ایک قدم ہی اٹھایا جاتا۔ اس وقت ہم گولڈن سال میں سے گزر رہے ہیں اور یہاں بڑے غیر معمولی واقعات ہو رہے ہیں۔ جشن منانے کی ضرورت ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ حکومت نے گولڈن جوبلی کا جشن بھی سپریم کورٹ پر حملہ کرکے، اس کے تقدس کو پامال کرکے منا لیا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ جی طاہر بزنجو صاحب۔

جناب محمد طاہر بزنجو۔ جناب چیئرمین! پہلے تو میں یہ جاننا چاہتا ہوں کہ ہم

پوائنٹ آف آرڈر پر بات کر رہے ہیں یا کوئی debate کر رہے ہیں۔ کیونکہ جس پوائنٹ آف آرڈر پر میں بات کرنا چاہتا ہوں وہ اس موضوع سے متعلق نہیں ہے جس پر بات ہو رہی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: کر لیں، آپ کسی دوسرے پر کر لیں۔ چلیں اسی موضوع پر سرانجام خان بولنا چاہتے ہیں۔ جی سرانجام صاحب۔

جناب سرانجام خان: آج خوشی کا دن ہے کہ اس پارٹی کو آج سپریم کورٹ اور اس ہاؤس اور نیشنل اسمبلی کے تقدس کا خیال آیا ہے۔ جن کا یہ وتیرہ رہا ہے کہ مفتی محمود جیسے آدمی کو ہاتھ پاؤں سے پکڑ کر اٹھا کر باہر پھینکا گیا۔ ان عدالتوں کو کنگرو کورٹس اور چمک۔۔۔

(مداخلت)

Mr. Presiding Officer: No cross talk please. No interruption please.

سر انجام خان آپ بولیں۔

جناب سرانجام خان: راشدی صاحب، جب آپ بولتے ہیں تو میں سنتا رہتا ہوں۔ آپ جب بولتے ہیں تو مجھے مزا آتا ہے تو مہربانی کرکے میری بات سن لیں اور جو کچھ آپ کہنا چاہیں۔

جناب حسین شاہ راشدی: کیا مفتی محمود صاحب سپریم کورٹ کے جج تھے۔

جناب سرانجام خان: جناب چیئرمین! اس عدالت کو جو آج یہ تقدس دینا چاہتے ہیں۔ میں اس بات پر خوشی کا اظہار کر رہا ہوں کہ کم از کم اس واقعہ کے بعد PP کو یہ تقدس کا خیال آیا ہے۔ دیر آید درست آید۔ جنہوں نے ان عدالتوں کو چمک، کنگرو کورٹس، کس کس ناموں سے پکارا تھا۔ آج میں ایک ایسے آدمی کے منہ سے، جناب اعتزاز احسن صاحب کے منہ سے، جو بہت polite طریقے سے بولتے ہیں۔ جو بڑے خوش گفتار ہیں۔ جو بڑے نرم بولتے ہیں۔ آج انہوں نے ایک غیر پارلیمانی لفظ اپنی تقریر میں استعمال کیا۔

اعتزاز احسن صاحب نے اپنی تقریر میں کہا ہے کہ (XXXXXXX) (XXXXXX) تو اگر یہی لفظ میں دہراؤں جو کہ میں نہیں کرنا چاہتا کہ اس وقت پیپلز پارٹی، مسٹر بھٹو کے وہ جو

(XXXXXX) بحکم جناب پریذائیڈنگ آفیسر ان الفاظ کو حذف کیا گیا

انہوں نے نام لیا، جب انہوں نے مفتی محمود کو نکالا تھا، تو یہ بات ان کو زیب نہیں دیتی، یہ غیر پارلیمانی لفظ ہے، میں درخواست کرتا ہوں کہ اس کو کارروائی سے حذف کیا جائے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اصل میں اعتزاز صاحب، آپ کو اس میں advantage ملتا ہے، اگر کارکن کہتے تو پھر وہ زیادہ serious بات تھی، اس لئے میں چاہتا ہوں کہ یہ الفاظ حذف کیے جائیں۔

چوہدری اعتزاز احسن: جناب والا! میں اپنے الفاظ واپس لیتا ہوں، ان کی حرکات خود بتا دیتی ہیں کہ کیا ہے، میں لفظ واپس لیتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ایک سیکنڈ، میں نے ان سے وعدہ کیا تھا، جی بہت briefly جی بزنجو صاحب۔

جناب محمد طاہر بزنجو: جناب والا! میں مختصر ہی بات کروں گا۔ جناب چیئرمین! ملک کے امیر ترین صوبہ، صوبہ بلوچستان کے پاس ایک لمبی ساحلی پٹی ہے جو قدرتی دولت سے مالا مال ہے۔ اس کی اقتصادی بدحالی اور تہذیبی پسماندگی کے بارے میں ہم اس معزز ایوان میں مسلسل اور متواتر اظہار خیال کرتے رہے ہیں، لیکن دلچسپ بات یہ ہے کہ بلوچستان کو زندگی کے تمام شعبوں میں ---

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: sorry I hate to interrupt you میں ایک بات کہنا چاہوں گا، اگر تو کوئی general بات ہے تو الگ، کوئی specific incident ہے تو اس پر بات کریں کیونکہ پوائنٹ آف آرڈرز پر ان معاملات کو اٹھایا جاتا ہے جو کہ اس وقت کے لئے relevant ہوں، اگر کوئی general بات ہے، جس طرح آپ نے شروع کیا ہے، تو اس سے یہ پتہ چلتا ہے کہ یہ کوئی specific واقعے کی طرف اشارہ نہیں ہے۔

جناب محمد طاہر بزنجو: جناب والا! واقعہ تو یہ specific ہے، مطلب اگر آپ اس کو کس angle سے دیکھتے ہیں۔ ویسے ہم دیکھتے رہے ہیں کہ اس ایوان میں لوگ گھنٹوں ایسے مسائل پر بولتے رہے ہیں، جن کی شاید ضرورت ہی نہیں ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی آپ بولیں جی۔

جناب محمد طاہر بزنجو: جناب والا! میں کہنا یہ چاہتا ہوں کہ زندگی کے دوسرے شعبوں میں تو ہمیں نظرانداز کیا جاتا رہا ہے لیکن دلچسپ بات یہ ہے کہ کرکٹ کے میدان میں بھی بلوچستان کو ہمیشہ نظرانداز کیا گیا۔ صورتحال یہ ہے کہ اس وقت پورے بلوچستان میں ایک بھی نیشنل کرکٹ سٹیڈیم نہیں ہے، ایک سٹیڈیم بگٹی سٹیڈیم کے نام سے زیرتعمیر ہے، گذشتہ کئی سالوں سے سینڈک پراجیکٹ، بولان میڈیکل کالج کمپلیکس کی طرح پایہ تکمیل تک نہیں پہنچتا۔ اسی طرح ڈیپارٹمنٹ کرکٹ ٹیم جیسا کہ PIA, Habib Bank, National Bank وغیرہ میں بلوچستان کی کوئی نمائندگی نہیں ہے۔ شیخ صاحب بھی خوش قسمتی سے یہاں تشریف رکھتے ہیں۔ ہماری گزارش یہ ہے کہ بلوچستان میں بھی کرکٹ بہت ہی مقبول کھیل ہے اس لئے وہاں کے نوجوانوں کو بھی یہ موقع فراہم کیا جائے کہ وہ اس میدان میں اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کر سکیں۔

Mr. Presiding Officer: Your are right, would the Minister concerned like to respond to the point of order.

شیخ رشید احمد: جناب والا! جہاں کرکٹ کا سوال ہے، ہم کوئی ایسا قانون لا رہے ہیں، کہنے کو تو کرکٹ میں سپورٹس منسٹری ہوتی ہے لیکن اس میں سپورٹس منسٹری کا اتنا عمل دخل نہیں ہوتا ہے، کسی زمانے سے، تقریباً 1964-65 سے صدر ان کے چیف پیٹرن چلے آ رہے ہیں۔ اس میں ہم تھوڑی سی تبدیلی لا رہے ہیں۔ جہاں تک سٹیڈیم کا تعلق ہے، اسے میں دیکھ لیتا ہوں، جو کچھ ہو سکا وہ میں کر دوں گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں وزیر صاحب ان کا گلہ بڑا جائز ہے۔ اس لحاظ سے کہ ایک federating unit ہے جو کہ already backward ہے، سڑکیں وہاں نہیں ہیں اور سکول، کالجز اور یونیورسٹیز، تو اس کو تو edge دینا چاہیئے۔

شیخ رشید احمد: جناب والا! سکولوں کے بارے میں تو میں اس ہاؤس میں بیان دے چکا ہوں، تینوں صوبوں سے چیف منسٹر صاحبان نے مفت زمین دے دی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: پتہ نہیں، پتہ ہے وزیر صاحب کہ یہ ایسی کوئی پالیسی ہے۔

شیخ رشید احمد: جو میں بیان دے رہا ہوں، وہ پتہ ہے تو تب دے رہا ہوں on the

floor of the House، پتہ نہیں ہے کا اس میں سوال نہیں ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میں یہ دوسری بات کر رہا تھا۔ یہ پالیسی صرف اس گورنمنٹ کی نہیں ہے، اس سے پہلے بھی یہی پالیسی رہی ہے اور مجھے ذاتی طور پر پتہ نہیں کہ یہ پالیسی اتنی درست ہے کہ نہیں، کیونکہ جہاں آپ کو سکول چاہیئے وہاں جگہ نہیں ملتی تو آپ کیا کرتے ہیں۔ جہاں سکول کی ضرورت نہیں ہوتی وہ جگہ دے دیتے ہیں۔

شیخ رشید احمد: میں آپ کو یقین دلاتا ہوں، پچھلی حکومت کا تو مجھے پتہ نہیں ہے کہ جہاں ایسے ملتا رہا ہے، جہاں جگہ نہیں تھی وہاں سکول بنا دیا، میں انشاء اللہ وہاں بناؤں گا جہاں جگہ اور ضرورت ہو گی۔ جہاں تک سٹیڈیم کا تعلق ہے، میں اس میں funds availability کو دیکھ لیتا ہوں اور جہاں PIA اور دوسروں کی ٹیم کا تعلق ہے وہ independent ادارے ہیں، میں اس سلسلے میں کچھ نہیں کہہ سکتا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: وزیر صاحب وہ میں اس لئے کہہ رہا ہوں کہ یہ آپ کی jurisdiction ہی نہیں ہے، آپ تو فیڈرل منسٹر ہیں، یہ تو صوبائی معاملہ ہے، میں صوبوں کی بات کر رہا ہوں۔

شیخ رشید احمد: پھر ان سے کہیں کہ صوبائی اسمبلی میں پیش کریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سٹیڈیم کا مسئلہ تو آپ کا ہے۔

شیخ رشید احمد: سٹیڈیم کا میں نے کہہ دیا ہے، اردو میں عرض کر رہا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ہاں تو اردو میں، آپ اردو میں بھی بول سکتے ہیں اگر چاہیں تو۔

شیخ رشید احمد: جی نہیں مجھے اتنی آتی نہیں ہے۔ یہ سوال بھی دے سکتے تھے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ہاں تو پھر بیٹھ جائیں۔ جی آپ مطمئن ہیں۔ اب یہ تو آپ کی اپنی پارلیمانی پارٹی کا کام ہے، گورنمنٹ کا کام ہے، ٹریژری بنچز ہیں، اسی لئے میں کہتا ہوں کہ میری ذاتی رائے میں question hour میں اپوزیشن کو زیادہ ٹائم اس لئے دینا چاہیئے کہ یہ تو آپ کے گھر کا معاملہ ہے یہ تو آپ گھر میں طے کر سکتے ہیں۔ It is right of the

Opposition to put questions, particularly supplementary questions

- چوہدری اعتراز احسن: جناب چیئرمین! میں سمجھتا ہوں کہ یہ دو فاضل وزراء بھی موجود ہیں اگر یہ بزنس according to schedule کر لی جائے، اس لئے کہ ہم چاہتے ہیں کہ یہ بل پاس ہو جائے۔ اس کی وجہ سے کچھ اور بات ہوئی اور یونہی کورم پوائنٹ آؤٹ ہو گیا تو شیخ صاحب کا بل بھی رہ جائے گا۔ اس کے علاوہ اور کچھ نہ کریں اور یہ آئٹم لے لیں۔

LEGISLATION

MOTION: LAYING OF REPORT FROM STATE BANK OF PAKISTAN ECONOMY.

Mr. Presiding Officer: Alright item No.3.

Mr. Sartaj Aziz: I beg to lay Mr. Chairman, before the Senate, the First Report for the year 1997-98 , of the Central Board of Directors of the State Bank of Pakistan, on the state of Pakistan's Economy, before the Senate, as required under section 9A(f) of the State Bank of Pakistan Act, 1956.

Mr. Presiding Officer: The Report stands laid. Item No.4.

INTRODUCTION OF BILL

RE: THE SECURITIES AND EXCHANGE (Amendment) BILL, 1997

Mr. Sartaj Aziz: I beg to introduce Mr. Chairman, a Bill further to amend the Securities and Exchange Ordinance, 1969 [The Securities and Exchange (Amendment) Bill, 1997].

Mr. Presiding Officer: Mr. Sartaj Aziz, Minister for Finance, Economic Affairs and Statistics, has introduced a Bill further to amend the

Securities and Exchange Ordinance, 1969 [The Securities and Exchange (Amendment) Bill, 1997].

The Bill stands introduced and referred to the Standing Committee.

Now item No.5. Sheikh Rashid Ahmed Sahib.

Bill: Re: THE NATIONAL FUND FOR CULTURAL HERITAGE (Amendment) BILL, 1997.

Sheikh Rashid Ahmed: Mr. Chairman sir, I beg to move that the Bill to amend the National Fund for Culture, Heritage Act, 1994 [The National Fund for Cultural Heritage (Amendment) Bill, 1997], as reported by the Standing Committee be taken into consideration at once.

Mr. Presiding Officer: It has been moved by Sheikh Rashid Ahmed, Minister for Culture, Sports, Tourism and Youth Affairs that the Bill to amend the National Fund for Culture, Heritage Act, 1994 [The National Fund for Cultural Heritage (Amendment) Bill, 1997], as reported by the Standing Committee be taken into consideration at once.

(The motion was adopted)

Mr. Presiding Officer: The question is that Clause 2 do forms part of the Bill.

(The motion was adopted)

Mr. Presiding Officer: Clause 2 forms part of the Bill. The question is that Clause 1, Short title and Commencement and Preamble do form part of the Bill.

(The motion was adopted)

Mr. Presiding Officer: Clause 1 do forms part of the Bill . Item No. 6, Sheikh Rashid Ahmed, Minister for Culture, Sports, Tourism and Youth Affairs.

Sheikh Rashid Ahmed: Mr. Chairman sir, I beg to move that the Bill to amend the National Fund for Cultural Heritage Act, 1994 [The National Fund for Cultural Heritage (Amendment) Bill, 1997] be passed.

Mr. Presiding Officer: It has been moved by Sheikh Rashid Ahmed, Minister for Culture, Sports, Tourism and Youth Affairs that the Bill to amend the National Fund for Cultural Heritage Act, 1994 [The National Fund for Cultural Heritage (Amendment) Bill, 1997] be passed.

(The Bill was passed)

Mr. Presiding Officer: Now the House is adjourned to meet again tomorrow at 4 P.M.

[The House was then adjourned to meet again on Thursday, the 11th of December, 1997at 4.00 p.m. in the evening]